LOCAL COUNCIL BOARD
GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

L&DD (EXT)
KHYBER PAKHTUNKHWA

FOOD SAFETY AND HALAL FOOD AUTHORITY
GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

# مویشیوں کے ٹرانسپورٹرز کے لئے رہنما کتابچہ

وضاحت: اس گائیڈ میں مویشیوں کے ٹرانسپورٹرز کے لئے خوراک کی حفظانِ صحت کے عمدہ طریقوں پر رہنمائی دی گئی ہے۔ گائیڈ کی تیاری میں دنیا بھر میں اپنائے جانے والے بہترین طریقوں کو سامنے رکھا گیا ہے۔ گائیڈ سے متعلق تکنیکی سرگرمیوں کی قیادت اقوام متحدہ کا ادارہ برائے صنعتی ترقی، UNIDO کر رہا ہے اور اس کی تیاری میں خیبر پختونخوا اور پاکستان بھر میں گوشت کی صنعت سے وابستہ سرکاری اور نجی شعبے کے اداروں اور افراد نے بھی حصہ لیا ہے۔

یہ گائیڈ صوبہ خیبر پختونخوا کے لئے شروع کئے گئے پروگرام، 'پراجیکٹ اِن اَیگری فوڈ اینڈ اَیگرو انڈسٹری ڈویلپمنٹ اسسٹنس' (PAFAID) کے تحت کئے گئے کام کے نتیجے میں تیار ہوئی ہے جس کے لئے حکومتِ جاپان نے جاپان انٹرنیشنل کواپریشن ایجنسی (جائیکا) کے ذریعے مالی تعاون کیا ہے۔

PAFAID

UNIDO
LOCAL COUNCIL BOARD
GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA
L&DD (EXT)
FOOD SAFETY AND HALAL FOOD AUTHORITY
JICA

© 2021-Project for Agri-Food and Agro-Industry Development Assistance (PAFAID) - All rights reserved

# پس منظر

خیبر پختونخوا میں مویشیوں کے ٹرانسپورٹرز اور مویشیوں کے کام کرنے والے افراد اور ادارے مویشیوں کی وبائی بیماریوں کے قانون(Animal Contagious Diseases Act, 1948)اور مویشیوں سے ظالمانہ سلوک کی روک تھام کے قانون (Prevention of Cruelty to Animals Act, 1890، جسے 1937 میں اپ ڈیٹ کیا گیا) میں دی گئی شرائط پر عمل کرنے کے پابند ہیں۔ اس کے علاوہ 'خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی (لائسنسنگ اینڈ رجسٹریشن) ریگولیشنز، 2017' کے ذریعے فارم پر ہونے والی پروڈکشن کی بنیادی سرگرمیوں کے سلسلے میں بنیادی ڈھانچے کی سہولیات اور حفظانِ صحت کی شرائط پر عمل کرایا جاتا ہے۔

اس گائیڈ میں بتایا گیا ہے کہ ٹرانسپورٹر حضرات بنیادی ڈھانچے کی سہولیات، دیگر سہولیات، اوزاروں اور سامان کے معاملے میں بنیادی شرائط کو کس طرح پورا کر سکتے ہیں۔ اس میں یہ وضاحت بھی کی گئی ہے کہ لوڈنگ کی سرگرمیوں کے دوران جانوروں کی دیکھ بھال کے عمدہ طریقے کس طرح اپنائے جائیں۔ اس باب میں خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی (لائسنسنگ اینڈ رجسٹریشن) ریگولیشنز، 2017، شیڈول III میں کھانے پینے کی اشیاء کے کاروباری حضرات کے لئے دی گئی حفظانِ صحت کی شرائط کے علاوہ تمام نکات پر ورلڈ اینمل ہیلتھ آرگنائزیشن (او آئی ای) کے سٹینڈرڈز میں دی گئی شرائط کو بھی شامل کیا گیا ہے۔

# یہ گائیڈ کیوں ضروری ہے

مویشیوں اور کھانے پینے کی اشیاء سے متعلق قواعد وضوابط بناتے وقت یہ بات سامنے رکھی جاتی ہے کہ یہ کھانے پینے کی اشیاء کے کاروبار میں بنیادی اور ثانوی سطح پر ہر کیٹیگری کے کاروباری حضرات پر لاگو ہو جائیں۔ اس وجہ سے جو قواعد وضوابط بنتے ہیں وہ عام طور پر 'جنرل' ہوتے ہیں۔ جب کسی ایک خاص شعبے کی بات آتی ہے تو ان قواعد وضوابط کی تشریح ذرا مشکل ہو جاتی ہے۔ جدید صنعت میں ٹرانسپورٹرز کو اتنی آزادی ہوتی ہے کہ وہ اپنی پسند، ناپسند کے مطابق کام کرے اور اُن کی کوشش ہوتی ہے کہ کسی غیر موزوں مصنوعات سامان، آلات اور چیزوں پر اپنا پیسہ ضائع نہ کریں۔

# یہ گائیڈ کس طرح تیار کی گئی

یہ گائیڈ درج ذیل شعبوں اور اداروں سے تعلق رکھنے والے ماہرین کے ایک ورکنگ گروپ نے تیار کی ہے:

- خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی (KPFSHFA)؛ جو ایک ریگولیٹری باڈی ہے، جس کا کام فوڈ ویلیو چین (Food Value Chain) کی ریگولیشن اور اس کی نگرانی کرنا ہے۔
- لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ (L&DD)؛ جو لائیوسٹاک کے شعبے سے متعلق بعض ریگولیشنز پر عمل کراتا ہے اور اس شعبے میں مختلف اہداف کے تحت ریسرچ کرتا ہے۔
- لوکل کونسل بورڈ (LCB) سرکاری اتھارٹی کے طور پر سرکاری ذبح خانوں کے انتظام کے لیے انچارج ہے۔
- خوراک کی حفاظت، معائنے اور ریگولیشن کے شعبوں سے وابستہ بین الاقوامی ماہرین۔
- تدریسی ماہرین اور بین الاقوامی ماہرین

ورکنگ گروپ میں شامل خیبر پختونخوا فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی اور لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ کے نمائندوں نے اتفاقِ رائے سے اس گائیڈ کو حتمی شکل دی۔ نمائندہ گان میں ڈاکٹر اسد شاہ، ڈاکٹر اصل خان، ڈاکٹر نواز شریف، ڈاکٹر شائستہ جان، ڈاکٹر اقبال خٹک، ڈاکٹر حنا علی، ڈاکٹر فواد احمد اور ڈاکٹر مختار احمد L&DD سے، ڈاکٹر عبدالستار، محترم عاطف شہزاد، محترمہ مزنہ بنوری اور ڈاکٹر عمران تاج KPFSHFA سے اور محترم محمد ادریس، محترمہ شہرون پرویز اور محترم محترم شاہ Local Council Board سے شامل ہیں۔

ان گائیڈلائنز پر پوری طرح عمل کرانے میں مدد دینے کے لئے متعلقہ حکام نے معائنے کا طریقہ کار یا انسپکشن پروٹوکول بھی تیار کیا جس کی تیاری میں اس شعبے میں پیش آنے والے خطرات کو بھی سامنے رکھا گیا۔

# اس گائیڈ کو استعمال کرنے کا طریقہ

اس کتابچہ میں بتایا گیا ہے کہ مویشیوں کی پرورش یا دیکھ بھال کے عمدہ طریقوں پر عمل کرتے ہوئے مویشیوں کی دیکھ بھال، مویشیوں کی صحت، اور مویشیوں کی بہبود کے معیار میں کس طرح بہتری لائی جاسکتی ہے اور ان کی ٹرانسپورٹ کے وقت مختلف سہولیات اور سامان کو کس طرح استعمال کیا جائے اور انہیں کس طرح بہتر بنایا جائے۔ گائیڈ میں ٹرانسپورٹرز کی مدد کے لئے یہ بھی بتایا گیا ہے کہ ٹرانسپورٹ کے لئے بنیادی ڈھانچے کی سہولیات، مختلف دیگر سہولیات، سامان اور اوزاروں کے معاملے بنیادی معیار اور شرائط کو کس طرح پورا کیا جاسکتا ہے۔

اس گائیڈ میں آپ کو اس بارے میں وضاحتی معلومات بھی مل سکتی ہیں کہ مویشیوں کی ٹرانسپورٹ کے دوران بنیادی ڈھانچے کی سہولیات، صفائی کے نظام، جانوروں کو سنبھالنے اور ان کی بہبود کے کاموں میں کس طرح بہتری لائی جاسکتی ہے اور بنیادی شرائط کو پورا کیا جاسکتا ہے تاکہ مویشیوں کے گوشت کی ویلیو چین (Value Chain) میں اضافہ ہو۔

### روزمرہ چیک لسٹ

اس چیک لِسٹ میں ڈھانچے، سامان اور اوزاروں، سسٹمز اور عملے کے لئے بنیادی شرائط دی گئی ہیں۔ یہ چیک لِسٹ نیا کاروبار شروع کرتے وقت لائسنس کی شرائط پوری کرنے میں مدد دے گی۔

پہلے سے موجود کاروبار کے لئے بھی یہ چیک لِسٹ استعمال کی جاسکتی ہے جو موجودہ لائسنس کی تجدید (Renewal) کراتے وقت شرائط کی پاسداری یقینی بنانے میں مدد دے گی۔ اگر ٹرانسپورٹرز کو لائسنس کی ضرورت نہ ہو تو یہ بنیادی چیک لسٹ روزانہ اور ماہانہ بنیاد پر اپنی تمام سہولیات / اوزاروں اور سامان کی نگرانی کے ساتھ ساتھ اپنے طے شدہ طریقوں کا جائزہ لینے کے لئے بھی استعمال کی جاسکتی ہے۔ اس گائیڈ میں وہ کم سے کم اشیاء بتائی گئی ہیں جنھیں مویشیوں کے ٹرانسپورٹرز کو چیک کرنا چاہیئے تاکہ وہ اپنے کاروبار اور مویشیوں کی بہتری کے لئے حفظانِ صحت کے مطابق سرگرمیوں کو یقینی بناسکیں۔ بعض باتیں دن کے شروع ہونے پر چیک کرنا ضروری ہیں۔ اگر کہیں شرائط کی پاسداری نہ ہو رہی ہو، مثلاً سامان یا اوزار گندے یا خراب ہوں، تو مویشیوں کو لوڈ کرنے یا اتارنے کا کام شروع کرنے سے پہلے انہیں ٹھیک کرلیا جائے۔ آخر میں دی گئی روزانہ کی چیک لسٹ میں وہ تمام باتیں شامل ہیں جو ٹرانسپورٹ کا کام بند کرنے سے پہلے یا تمام جانوروں کو اتارنے کے بعد چیک کرنا ضروری ہیں۔ اس میں ٹرانسپورٹرز کو بتایا گیا ہے کہ وہ دن کے دوران پیش آنے والے مسائل کو بھی اپنے پاس درج کرلیں مثلاً بہبود کے انتظامات ٹھیک نہ ہونے پر مسترد ہونے کے مسائل، اوزاروں یا سامان کی دیکھ بھال، عملے کے مسائل، وغیرہ۔ اگر کوئی مسائل پیش نہ آئیں، تو ٹرانسپورٹر یہی بات درج کرکے اس دن کی چیک لسٹ مکمل کرسکتے ہیں۔ یہ سادہ سا ریکارڈ کسی معائنہ یا صارف کی شکایت کی صورت میں پاسداری کا سابقہ ریکارڈ پیش کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔

# اس کتابچے میں کون سی باتیں شامل نہیں ہیں

اس کتابچے میں انتظامی امور، مویشیوں کی ٹرانسپورٹ کے دوران ان کی دیکھ بھال کے عمدہ طریقوں اور بہبود کے بارے میں بات کی گئی ہے اور مویشیوں کی عمومی صحت کے بارے میں بات نہیں کی گئی البتہ اچھی ٹرانسپورٹ اور مویشیوں کی دیکھ بھال کے عمدہ طریقوں میں بھی عام طور پر مویشیوں کی صحت محفوظ بنانے اور یوں ان کا معیار بہتر بنانے پر ہی بات کی جاتی ہے۔ اس حوالے سے ٹرانسپورٹرز کی طرف سے اپنائے جانے والے طریقوں کو بہتر بنانے کے لئے اضافی رہنما اصول تیار کئے جائیں گے۔ اس کتابچے میں مویشیوں کی صحت کے مسائل، اور ان کی بیماریوں سے نمٹنے کے طریقوں پر بات نہیں کی گئی اور یہ کام ویٹرنری ڈاکٹروں کے لئے چھوڑ دیا گیا ہے۔

# ٹرانسپورٹ کی سہولتیں، سامان، اوزاروں اور مویشیوں کی دیکھ بھال کے عمدہ طریقے

اہم مقاصد:

- مویشیوں کی ٹرانسپورٹ کے معیار میں بہتری لائی جائے۔
- لوڈنگ کی سہولیات، سامان اور اوزاروں کو اس طرح ترتیب دیا جائے اور ان کی دیکھ بھال کا انتظام کیا جائے کہ مویشیوں کی بہبود اور گوشت کے معیار میں بہتری آئے۔
- جانوروں کو لوڈ کرنے اور اتارنے کی سہولیات، سامان اور اوازاروں کا استعمال اور دیکھ بھال اس طرح کی جائے کہ جانوروں کو کوئی زخم نہ آئیں۔
- جانوروں کے طبی معائنے کئے جائیں اور ان کی مکمل دستاویزات تیار کی جائیں۔
- ٹرانسپورٹ کے لئے مویشیوں کے موزوں گروپ بنائے جائیں۔
- مویشیوں کی تیاری، انہیں لوڈ کرنے اور اتارنے کا کام اس طرح کیا جائے کہ منڈی میں کم سے کم پریشانی ہو۔

Reg. 2017 . شرائط: "...ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ پروڈکشن کی بنیادی سرگرمیوں اور اس سے جڑے دیگر کاموں کے سلسلے میں استعمال ہونے والی تمام سہولیات، اوزاروں، سامان، برتنوں یا کنٹینرز اور گاڑیوں کی مرمت اور دیکھ بھال کریں، انہیں صاف ستھرا رکھیں اور جہاں ضروری ہو، مناسب طریقے سے صفائی کرنے کے بعد ان کی ڈس انفیکشن کریں۔"


او آئی ای ٹیرسٹریل اینمل ہیلتھ کوڈ آرٹیکل 7.3.1 "زمینی راستے سے مویشیوں کی ٹرانسپورٹ"۔ یہ تجاویز گوشت والے درج ذیل جانوروں کے لئے ہیں: مویشی، گائے، بھینس، اونٹ، بھیڑ، بکری، سور، مرغی، اور گھوڑا۔ وسیع معنوں میں یہ بعض دیگر جانوروں مثلاً ہرن، دیگر اقسام کے اونٹ، شتر مرغ وغیرہ پر بھی لاگو ہو سکتی ہیں۔ آوارہ اور جنگلی جانوروں کے لئے مختلف شرائط کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ کوشش کی جائے کہ جانوروں کے لئے سفر کا وقت کم سے کم رہے۔

ٹرانسپورٹ میں مویشیوں کی تیاری اور لوڈنگ کے طریقے بھی شامل ہیں اور یہ وہ مراحل ہیں جو بعض اوقات جانوروں کے لئے شدید پریشانی کا باعث بن سکتے ہیں۔ ان سرگرمیوں کے دوران بنیادی ڈھانچے کی سہولیات کے ساتھ ساتھ جن دیگر سہولیات کو استعمال میں لایا جائے وہ جانوروں کے لئے آرام دہ ہونی چاہئیں اور جانوروں کے کام کرنے والے افراد کے لئے استعمال کرنا آسان ہوں تا کہ کم سے کم مسائل پیدا ہوں۔ مویشیوں کی دیکھ بھال کے عمدہ طریقے اس لئے وضع کئے جاتے ہیں اور ان پر عمل کیا جاتا ہے کہ لوڈنگ کی جگہوں، سہولیات، سامان اور اوزاروں کا محفوظ اور موثر استعمال کیا جائے اور دوسری جانب ٹرانسپورٹ کے دوران جانوروں کی بہبود اور صحت کا خیال رکھا جائے یا اس میں بہتری لائی جائے۔ ٹرانسپورٹ کے عمل کے دوران جانور جس پریشانی سے دوچار رہتا ہے وہ بڑھتے بڑھتے اس حد تک پہنچ سکتی ہے کہ گوشت کے معیار پر بھی منفی اثرات مرتب کر سکتی ہے۔

# لوڈنگ اور ٹرانسپورٹ کی سہولیات اور ان کے طے شدہ طریقے

- ٹرانسپورٹ کے دوران ہر جانور کے لئے مناسب جگہ رکھی جائے اور جگہ کو ہوادار بنایا جائے۔
- جانوروں کو لوڈ کرنے سے پہلے ٹرک کو اچھی طرح چیک کرلیں کہ کہیں کوئی ٹوٹ پھوٹ یا کوئی ایسی خرابی تو نہیں ہے جس کی وجہ سے جانور زخمی ہو سکیں اور جہاں کہیں ٹوٹ پھوٹ نظر آرہی ہو، ٹرک ڈرائیور یا مالک کو اس کے بارے میں بتائیں۔ جانوروں کو لوڈ کرنے سے پہلے مرمت کا کام کرالیا جائے۔
- ٹرک کی ٹوٹ پھوٹ یا کسی خرابی کی مرمت مکمل ہونے کے بعد اسے استعمال کیا جائے۔ ٹرک کی ٹوٹ پھوٹ یا خرابی کا مطلب، ہو سکتا ہے کہ فرش میں کہیں سوراخ ہوں، کہیں سے کوئی تیز دھار نوکیلا کونہ وغیرہ باہر نکلا ہو، پارٹیشن، ریمپ یا پچھلی طرف کے دروازے کو نقصان پہنچا ہوا ہو، وغیرہ۔
- تمام ٹرانسپورٹرز کو چاہیے کہ وہ متعلقہ حکام کے ساتھ مل کر ایک چیک لسٹ بنائیں اور جانوروں کو لوڈ کرنے سے پہلے اس چیک لسٹ کے مطابق ٹرک کا معائنہ کریں۔







- چیک کریں کہ ٹرک کے ریمپ کی سطح، یا پچھلی طرف کے دروازے پر، خاص طور پر جب یہ ریمپ کا ہی حصہ ہو، پر پھسلن نہ ہو۔ ریمپ کی سطح پر چاول کے چھلکے یا برادے وغیرہ کا خشک بچھونا بچھانے سے لوڈنگ کے دوران جانور پھسلنے سے محفوظ رہ جاتے ہیں، خاص طور پر جب ریمپ گیلا ہو۔ ویلڈ کی ہوئی پائپ نما گھنڈیاں یا کنکریٹ کی ٹائلیں لگی ہوں تو جانوروں کی گرفت مضبوط رہ جاتی ہے۔ ٹرک کے پچھلی طرف کا دروازہ جب ریمپ کا ہی حصہ ہو تو اس پر کوئی مضبوط جالی یا لکڑی کی پٹیاں لگانے سے جانور پچھلے دروازے سے اترتے اور چڑھتے وقت پھسلنے سے محفوظ رہ جاتے ہیں (جیسا کہ اس سے پہلے بتایا گیا ہے)۔
- جانوروں کا ہر پھیرا ختم ہونے پر، یا اگر یہ ممکن نہ ہو تو کوئی دوسرا جانور لوڈ کرنے سے پہلے، ٹرک کی صفائی اور ڈس انفیکشن کی جائے۔ قانونی طور پر یہ ڈرائیور کی ذمہ داری ہونی چاہئے۔
- ہر فارم، منڈی اور مذبح خانے میں ایک جگہ اسمبلی / ہولڈنگ ایریا کے لئے مخصوص ہونی چاہئے جہاں جانوروں کو اتارنے اور لوڈ کرنے کا کام کیا جائے۔ او آئی ای سٹینڈرڈز میں کہا گیا ہے کہ جانوروں کو سخت موسمی حالات سے محفوظ رکھنے کے لئے اسمبلی / ہولڈنگ ایریا ضرور مقرر کیا جائے۔
- جانوروں کو لوڈ کرنے اور اتارنے کی جگہوں سے ایسی کسی بھی چیز یا رکاوٹ کو ہٹا دیں جس کی وجہ سے جانور کے رک جانے، راستہ بدل لینے، یا واپس مڑ جانے کا خطرہ ہو۔ عام طور پر ایسا اُس وقت ہوتا ہے جب کسی چمکدار چیز کا عکس پڑ رہا ہو، یا فرش گیلا ہو، داخلی راستے میں اندھیرا ہو، راستے میں لوگ کھڑے ہوں یا کوئی سامان پڑا ہو، راستہ بند ہو، فرش ناہموار ہو یا فرش پر اچانک ڈھلوان والی جگہ آ جائے، آس پاس کسی اوزاروں یا سامان وغیرہ کا شور ہو۔



- جانوروں کو اتارنے کی جگہ پر ان کے زخمی ہونے کا خدشہ ہو تو انہیں کسی اور جگہ اتار لیا جائے یا پہلے اس نقص کو دور کیا جائے۔
- مویشیوں کو اتارنے اور لوڈ کرنے کا کام ہمیشہ اس کام کا تجربہ رکھنے والے کسی شخص مثلاً تجربہ کار ٹرک ڈرائیور یا قلی وغیرہ کو کرنا چاہیئے۔
- جانوروں کی ٹرانسپورٹ کا کام صرف دن کے وقت کیا جائے اور انہیں لوڈ کرنے اور اتارنے کے لئے بھی اس بات کا خیال رکھا جائے۔
- جانوروں کو ٹرک پر اچھی طرح باندھ دیا جائے تا کہ وہ زخمی نہ ہوں۔
- فارم کے عملے یا مالک کو چاہیئے کہ وہ جانوروں کو مذبح خانے بھجوانے کے لئے ٹرک پر لوڈ کرنے سے پہلے اچھی طرح چیک کر لیں۔
- جانور اگر گندا ہو تو اسے مذبح خانے بھجوانے سے پہلے صاف ضرور کیا جائے اور جب تک گیلا ہو، اسے سفر پر نہیں لے جایا جاسکتا۔
- جانوروں کی ٹرانسپورٹ کے وقت ان کی درج ذیل دستاویزات ضرور ساتھ ہونی چاہئیں جو اوپر پہلے اور دوسرے باب میں بھی بیان کی گئی ہیں:
  - جانور کے لئے "مویشی کا رجسٹر"
  - جانور کے مالک کا بیان یا ڈیکلریشن
- جانوروں کی ٹرانسپورٹ کے دوران کسی بھی جگہ اتارنے کا کام شروع کرنے سے پہلے دیکھ لیا جائے کہ وہاں گھیروں اور باڑوں وغیرہ میں کافی گنجائش موجود ہے۔
- ٹرانسپورٹ کے سامان، اوزاروں، سہولیات، جگہوں اور دستاویزات کی دیکھ بھال کا پورا خیال رکھا جائے اور استعمال کرنے سے پہلے انہیں چیک کیا جائے۔
- جانوروں کی ٹرانسپورٹ صرف اسی وقت کی جائے جب جانوروں کی سہولیات، اوزار، سامان، گاڑی، لوڈ کرنے / اتارنے کے طے شدہ طریقے، دستاویزات لائسنس وغیرہ عمدہ حالت اور ترتیب میں موجود ہوں تا کہ جانور کے لئے پریشانی اور اس کے زخمی ہونے کا خدشہ کم سے کم رہے۔


کنکریٹ کو مضبوط کرنے کے لئے سریئے سے بنی ہوئی جالی بہت ہلکی ہوتی ہے اور اگر ٹوٹ جائے تو اسے تبدیل کرنا پڑتا ہے۔


ویلڈ کی ہوئی پائپ کی گھنڈیوں سے پھسلن کم ہو جاتی ہے، جانور مضبوطی سے کھڑا ہو سکتا ہے اور زخمی نہیں ہوتا




ٹرک کا فرش پھسلن والا ہو تو اس پر بچھونا بچھا دیا جائے۔
مویشیوں کو گنجائش کے مطابق لوڈ کیا جائے تاکہ وہ ٹرانسپورٹ کے دوران ٹھیک طریقے سے کھڑے ہو سکیں۔

# لوڈنگ اور ٹرانسپورٹ کے دوران جانوروں کی دیکھ بھال کے عمدہ طریقے

- جانوروں کو لوڈ کرنے اور اتارنے کے لئے اس بات کا خیال رکھا جائے کہ موسم خراب ہو تو یہ کام نہ کیا جائے یا پھر ایسی جگہ کیا جائے جہاں جانور خراب اور سخت موسمی حالات سے محفوظ رہیں۔
- لوڈنگ کا کام شروع کرنے سے پہلے جانوروں کی تعداد چیک کر لیں کہ یہ گنجائش کے مطابق ہوں اور ان کے لئے کمپارٹمنٹ مخصوص کر دیئے جائیں۔
- لوڈنگ شروع کرنے سے پہلے اچھی طرح تسلی کر لیں کہ ٹرک ریمپ کے ساتھ پوری طرح جڑا ہوا ہو اور درمیان میں خالی جگہ بالکل نہ ہو۔
- ٹرک کی طرف لاتے وقت گھیروں میں یا ریمپ کی طرف لاتے ہوئے جانوروں کے چھوٹے چھوٹے گروپ بنا لیں تاکہ انہیں سنبھالنا آسان رہے۔
- لوڈنگ کرتے وقت اور ٹرک کی طرف لاتے وقت جانوروں کو ایک ہی گروپ میں رکھنے کی کوشش کریں تاکہ انہیں سنبھالنا آسان رہے۔ مختلف گروپوں کے جانوروں کو آپس میں نہ ملائیں کیونکہ اس طرح ہو سکتا ہے کہ وہ لڑنے لگیں اور ایک دوسرے کو زخمی کر دیں جس سے جانوروں کی صحت اور گوشت کا معیار متاثر ہوتا ہے۔
- جانوروں کو اپنی رفتار سے ٹرک کی طرف بڑھنے کا موقع دیں، خاص طور پر اس صورت میں جب ٹرک کا فرش کسی ایسے مٹیریل سے بنا ہو جس پر پھسلن پیدا ہونے کا خطرہ ہو۔ یہ بات ہمیشہ یاد رکھیں کہ "مویشیوں کی نقل و حرکت کے لئے ایسے طریقے نہ اپنائے جائیں جو ان کے لئے درد یا تکلیف کا باعث بنیں" (او آئی ای سٹینڈرڈز)۔ ریمپ پر اور ٹرک کی طرف چلتے ہوئے جانور اپنا سر جھکا کر فرش کو سونگھتے ہوئے چلتا ہے۔ جانور کو وقت دیں اور اپنی رفتار سے بڑھنے کا موقع دیں۔

- درد یا تکلیف کا باعث بننے والے تمام طریقے سختی سے ممنوع ہیں۔ مثلاً جانور کو چھڑی یا چابک سے مارنا، اس کی دم کو مروڑنا، ناک میں انگلی ڈال کر گھمانا، آنکھوں، کانوں یا نازک بیرونی اعضاء پر زور دینا، یا ایسی چیزوں کا استعمال کرنا جو جانور کے لئے درد اور تکلیف کا باعث بنیں (جن میں بڑی چھڑیاں، نوکدار چھڑیاں، لوہے وغیرہ کا پائپ، باڑھ والی تار اور چمڑے کی چابک شامل ہیں)۔
- جانوروں کو چلنے پر مائل کرنے کے لئے کیٹل ٹاکر (Cattle Talker) یا جھنجھنے جیسے کھلونا نما آلے بھی استعمال کئے جاسکتے ہیں لیکن ان سے مویشیوں کو ہرگز مارا نہ جائے۔ چھڑی کو آپ صرف اس لئے استعمال کرسکتے ہیں کہ اس سے آپ کا بازو مزید لمبا ہوجاتا ہے اور جانور کو لگتا ہے کہ یہ پورا آپ کا بازو ہے اور بہت لمبا ہے۔
- جانور کے بالکل سامنے یا جہاں جہاں وہ سیدھا دیکھ سکتا ہے، وہاں ہرگز کھڑے نہ ہوں کیونکہ اس پر وہ رک جائے گا اور ٹرک کی طرف نہیں بڑھے گا۔ جب آپ جانور کے پچھلی طرف یعنی 'پوائنٹ آف بیلنس' (Point of Balance) سے تھوڑا پیچھے رہتے ہیں تو جانور آگے کی طرف چلنے لگتا ہے۔
- چیک کرلیں کہ تمام جانور ٹرانسپورٹ کے لئے موزوں یافٹ ہیں۔ بیمار اور زخمی جانوروں کو لوڈ نہ کیا جائے اور اگر سفر کے لئے جانور کی فٹنس پر کوئی شبہ ہو تو ویٹرنری ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔
- جو جانور فٹ نہ ہوں اور جن کی ٹرانسپورٹ نہ کی جائے، ان میں وہ جانور بھی شامل ہیں جو اپنی چاروں ٹانگوں پر کھڑا نہ ہوسکتے ہیں، یا وہ جانور جن کی دونوں آنکھیں کسی شدید مسئلے کا شکار ہوں۔ ان جانوروں کا علاج کرایا جائے اور انہیں سفر پر بھیجنے سے پہلے معقول وقت دیا جائے کہ وہ ٹھیک ہوجائیں، یا اگر یہ ممکن نہ ہو تو انہیں فارم پر یا منڈی میں ویٹرنری ڈاکٹر کی نگرانی میں ذبح کردیا جائے اور پوری کوشش کی جائے کہ جانور کو کم سے کم تکلیف پہنچے۔
- چیک کرلیں کہ ٹرک پر اتنی گنجائش ہونی چاہئے کہ جانور کسی مسئلے کے بغیر اس میں کھڑے ہوسکیں۔ جانوروں کو ٹھونس ٹھونس کر نہ بھریں، بلکہ اتنا ضرور ہونا چاہئے کہ وہ سفر کے دوران کھڑے ہوسکیں اور ادھر ادھر حرکت کرسکیں۔



جانور کو چیک کریں کہ کہیں سے لنگڑا یا زخمی تو نہیں ہے۔

- او آئی ای سٹینڈرڈز میں کہا گیا ہے کہ ٹرانسپورٹ کے دوران جب جانور کھڑے ہوتے ہیں، تو انہیں اتنی جگہ ملنی چاہئے کہ وہ اپنا توازن برقرار رکھ سکیں۔ جانور جب لیٹنا چاہیں تو آرام دہ طریقے سے لیٹ سکیں اور وہ ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے نہ ہوں۔
- جس حد تک ممکن ہو، جانوروں کو ان کے گروپ میں ہی رکھنے کی کوشش کریں۔ سینگ والے اور بغیر سینگ والے جانوروں کا مزاج آپس میں ملتا ہو تو انہیں ایک ساتھ رکھا جا سکتا ہے (مثلاً جو جانور پہلے ایک ساتھ سفر کر چکے ہوں اور کوئی مسائل سامنے نہ آئے ہوں)۔
- جانور حاملہ ہو تو اسے سفر نہ کرائیں۔
- جانوروں کی ٹرانسپورٹ سے پہلے ان کی صفائی ضرور کر لیں۔ اگر کہیں گوبر، کیچڑ اور کوئی دیگر گند وغیرہ لگا ہو تو جانور کو لوڈ کرنے سے کچھ گھنٹے پہلے اسے اچھی طرح نہلا دیں۔ سردیوں میں جانور جب تک گیلا ہو، اسے سفر پر لے جانے کے لئے لوڈ نہ کریں۔
- ٹرک کو ریمپ سے الگ کرنے سے پہلے ٹرک کا پچھلی طرف کا دروازہ بند کر لیں تاکہ جانوروں کے بھاگنے کا خدشہ کم سے کم رہے۔
- لوڈنگ کا کام مکمل ہوتے ہی جانوروں کو سفر پر روانہ کر دیا جائے اور انہیں رکے ہوئے ٹرک میں زیادہ دیر نہ رکھا جائے۔

# جانوروں کو گاڑی سے اتارنا

- جانوروں کو منزل پر پہنچتے ہی گاڑی سے اتار لیا جائے۔
- جانوروں کا کام کرنے والے افراد کو یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہئے کہ سفر کرنے کے بعد جانور تھکے ہوئے اور پریشان ہوں گے اور اس سے گوشت کا معیار اور جانور کی صحت / بہبود متاثر ہو سکتی ہے۔
- ٹرک کو آہستہ آہستہ ریورس (Reverse) کیا جائے اور آرام سے ریمپ کے ساتھ لگایا جائے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ ٹرک ریمپ کے بالکل ساتھ لگا ہو اور درمیان میں خالی جگہ ہرگز نہ ہو۔
- جانوروں کو اتارنے کا کام صرف عملے کے ماہر اور تجربہ کار افراد کو ہی کرنا چاہئے۔
- جانوروں کو اپنی رفتار سے ٹرک سے اترنے کا موقع دیں، خاص طور پر اس صورت میں جب ٹرک ایسے مٹیریل سے نہ بنا ہو جو پھسلن سے پوری طرح محفوظ ہو۔
- جانور کے بالکل سامنے یا جہاں جہاں وہ سیدھا دیکھ سکتا ہے، وہاں ہرگز کھڑے نہ ہوں کیونکہ اس پر وہ رک جائے گا اور ٹرک سے نیچے نہیں آئے گا۔ جب آپ جانور کے پچھلی طرف یعنی 'پوائنٹ آف بیلنس' (Point of Balance) سے تھوڑا پیچھے رہتے ہیں تو جانور آگے کی طرف چلنے لگتا ہے۔
- ویٹرنری انسپکٹر (اگر موجود ہو) اور (منڈی، فارم یا مذبح خانے کے) منتظم کو چاہئے کہ جانور جب اس کے سامنے سے گزریں تو وہ ایک ایک جانور کو اچھی طرح دیکھتا رہے کہ ٹرانسپورٹ کے دوران کوئی جانور کہیں سے زخمی تو نہیں ہوا۔ زخمی جانوروں کو جلد از جلد ذبح کر دیا جائے یا ان کا علاج کیا جائے یا فروخت کر دیا جائے اور بلا تاخیر قریبی مذبح خانے میں بھجوا دیا جائے۔

- جانوروں کو چھڑی، پلاسٹک یالوہے کے پائپ اور چمڑے کے چابک سے ہرگز نہ ماریں۔ چھڑی صرف اس لئے استعمال کی جا سکتی ہے کہ اس سے بازو لمبا لگتا ہے اور جس کے ہاتھ میں چھڑی ہو وہ جانور کو اصل سے زیادہ بڑا لگتا ہے۔ جانوروں کو چلنے پر مائل کرنے کے لئے کیٹل ٹاکر استعمال کئے جاسکتے ہیں لیکن یہ جانوروں کو مارنے کے لئے ہرگز استعمال نہ کئے جائیں۔
- جانوروں کو اتار لینے کے بعد انہیں گھیروں میں رکھتے وقت یہ دیکھ لیں کہ مختلف گروپوں کو آپس میں ملانے سے کوئی فرق تو نہیں پڑے گا۔ مختلف گروپوں کے جانوروں کو ایک جگہ اکٹھا کرنے پر وہ آپس میں لڑ سکتے ہیں، جس کے نتیجے میں جانور زخمی ہو سکتے ہیں اور گوشت کا معیار متاثر ہو سکتا ہے۔ مختلف فارمز کے جانوروں کو آپس میں ملانے سے جانوروں میں بیماریاں پھیلنے کا خطرہ بھی پیدا ہوتا ہے۔



جانوروں کو اپنی رفتار سے چلنے کا موقع دیں۔

# بیمار اور زخمی جانوروں کو سنبھالنے کے طریقے

- ٹرانسپورٹ کے حالات، مثلاً ناہموار سڑکوں وغیرہ کی وجہ سے سفر کے دوران جانوروں کے زخمی ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ جانوروں کو خاص طور پر ٹانگوں اور دُم کو چیک کرلیں کہ کوئی زخم تو نہیں ہیں۔

# بیمار اور زخمی جانوروں کو سنبھالنے کے طریقے


- ٹرانسپورٹ کے حالات، مثلاً ناہموار سڑکوں وغیرہ کی وجہ سے سفر کے دوران جانوروں کے زخمی ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ جانوروں کو خاص طور پر ٹانگوں اور دُم کو چیک کرلیں کہ کوئی زخم تو نہیں ہیں۔
- بیمار یا ڈاؤنر (Downer) جانوروں (جو چل نہیں سکتے یا کھڑے نہیں ہوسکتے) کی کچھ خاص ضروریات ہوتی ہیں، مثلاً ان کے کام کرتے وقت، ان کی ٹرانسپورٹ کے دوران اور انہیں سنبھالنے کے دوران کچھ باتوں کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔ او آئی ای سٹینڈرڈز میں کہا گیا ہے کہ ڈاؤنر جانوروں کو گھسیٹنے کی کوشش ہرگز نہ کریں۔
- اگر جانور ٹرانسپورٹ کے دوران زخمی ہو جائیں اور انہیں مزید زخمی کئے بغیر یا مزید پریشانی کے بغیر اتارنا ممکن نہ ہو، تو پہلے جو جانور ٹھیک ہوں، انہیں انتہائی آرام کے ساتھ اتار لیں اور پھر یہ فیصلہ کریں کہ بیمار جانور کو کس طرح سنبھالنا ہے۔
- شدید زخمی جانوروں کو فی الفور ذبح کر دیا جائے اور اگر محفوظ ہو تو ٹرک پر ہی ذبح کیا جائے لیکن اس دوران نرم دلی سے کام لیا جائے اور ویٹرنری سپروائزر کی نگرانی میں ذبح کیا جائے۔ بڑے جانور بیمار ہو جائیں تو انہیں مزید تکلیف دیئے بغیر حرکت دینا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس لئے بہتر یہی رہتا ہے کہ وہ جہاں ہوں، وہیں پر ہی ذبح کر دیا جائے۔
- شدید زخمی اور ایسی حالت جس میں جانور کو فی الفور ذبح کرنا ضروری ہو جاتا ہے، اس میں مختلف کیفیتیں شامل ہیں مثلاً جب ٹانگ یا کمر کی ہڈی یا کولہے کی ہڈی ٹوٹ جائے، جانور انتہائی ضعیف اور لاغر ہو کر گر پڑے، کسی گہرے زخم یا بیماری کی وجہ سے مفلوج ہو جائے اور حرکت کرنے کے قابل نہ رہے، جانور نابینا ہو جائے، بہت زیادہ خون بہہ رہا ہو یا جانور بری طرح زخمی ہو جائے۔
- جانور کو تیز چھری سے ذبح کریں۔ ویٹرنری ہدایات پر لازماً عمل کریں۔ جہاں بھی کسی مدد کی ضرورت پڑے، ویٹرنری سپروائزر کی نگرانی میں کسی ماہر فرد سے مدد لیں۔
- اگر شدید زخمی جانور کو ٹرک پر ہی ذبح کرنا پڑے تو جس حد تک ہو سکے یہ کام مذبح خانے کے قریب کیا جائے تاکہ ذبح شدہ جانور کو تلف کیا جا سکے اور بیماری کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔
- زندہ جانوروں کو سینگوں، ٹانگوں یا دُم سے پکڑ کر نہ اٹھایا جائے اور انہیں گھسیٹا بھی نہ جائے۔ زخمی جانور کو کسی کھمبے وغیرہ سے باندھ کر ٹرک کو ہرگز نہ چلایا جائے۔
- اگر بیمار یا زخمی جانور کو حرکت دینا اس کے لئے مزید درد، تکلیف یا پریشانی کا باعث نہ بنے تو اسے علاج وغیرہ کے لئے جلد از جلد کسی الگ گھیرے یا الگ تھلگ جگہ پر منتقل کر دیں۔ زخمی جانوروں کو زیادہ دیر تک فارم یا منڈی میں نہ رکھیں۔ اگر کوئی جانور شدید زخمی حالت میں فارم یا منڈی پہنچے تو اسے وہاں رکھنے کے بجائے جلد از جلد قریبی مذبح خانے میں بھجوا دیا جائے جہاں اسے فی الفور ذبح کر دیا جائے۔

- اگر کوئی جانور دوران سفر مر جائے تو اس کی اطلاع متعلقہ حکام کو دی جائے اور اس کا ڈھانچہ پی ایم آئی کے لئے قریبی مذبح خانے لایا جائے۔ اس جانور کا گوشت انسانی استعمال میں نہیں لایا جاسکتا اور اسے انتہائی خطرناک فالتو مواد کے طور پر تلف کر دیا جائے۔


جانوروں کو خاص طور پر ان کی ٹانگوں کو چیک کر لیں کہ وہ زخمی تو نہیں ہیں

# جانوروں کا کام کرنے والے افراد عام حالات میں ان باتوں پر عمل کریں

- جانوروں کو گھیرے میں واپس لانے کے لئے ٹیم کی شکل میں کام کریں لیکن کوئی غیر ضروری شخص راستے میں نہ آئے۔
- بھاگے ہوئے جانور کو الگ تھلگ کرنے کی کوشش نہ کریں، اسے ہانک کر گروپ میں واپس لانے کی کوشش کریں۔
- کوئی اچانک حرکت یا بہت زیادہ شور نہ کریں۔
- دروازے کے پیچھے چھپنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ اس طرح کوئی خوفزدہ جانور آسانی سے آپ کو کچل سکتا ہے۔
- ایسے جانور کے معاملے میں خاص طور پر احتیاط سے کام لیں جس کا انسانوں کے ساتھ واسطہ بہت کم رہا ہو۔ بعض جانور ایسے بھی ہوتے ہیں جن کی پرورش ملک کے دور افتادہ، الگ تھلگ علاقوں میں ہوئی ہوتی ہے اور انہیں اس طرح لوگوں کے ساتھ رہنے کی عادت نہیں ہوتی۔
- بھاگے ہوئے جانوروں کو نرم دلی کے ساتھ فوراً باڑے میں واپس لانے کی کوشش کریں۔
- اگر صرف ایک جانور بھاگ جائے تو پہلے اسے پر سکون ہونے دیں اور پھر باڑے میں واپس لانے کی کوشش کریں۔
- اگر جانور بہت زیادہ جوش میں آجائے اور سنبھالا نہ جارہا ہو، تو بہتر رہتا ہے کہ ایک کنٹرولڈ جگہ میں باقی جانوروں کو بھی چھوڑ دیں اور بھاگے ہوئے جانور کو گروپ میں واپس آنے کا موقع دیں اور اس کے بعد تمام جانوروں کو گھیرے میں واپس لائیں۔
- اگر ممکن ہو تو باہر نکلنے کے دروازے کو بند کر دیں تا کہ جانور احاطے یا منڈی سے باہر نہ جاسکیں۔


اکیلا جانور پریشان ہونے کی وجہ سے خطرناک ہو جاتا ہے

## ٹرانسپورٹر کے لئے روزمرہ کی بنیادی باتوں کی چیک لسٹ                    تاریخ

بنیادی باتوں کی یہ چیک لسٹ آپ کو اپنے کاروبار کے ان حصوں یا طے شدہ طریقوں کی نشاندہی میں مدد دے گی جو بنیادی شرائط پر پورا نہیں اترتے۔ آپ کو ہر بار گاڑی تیار کرتے وقت اور مویشیوں کو لوڈ کرتے وقت یہ چیک لسٹ مکمل کرنا ہوگی تاکہ اس بات کو یقینی بنا سکیں کہ آپ کے ٹرانسپورٹ کے کاروبار میں مختلف سہولیات / آلات و سامان اور مویشیوں کی مینجمنٹ کی سرگرمیوں کے دوران مویشیوں کا خیال رکھنے کے عمدہ طریقوں اور حفظانِ صحت کے طریقوں کی شرائط کو پورا کیا جاسکے۔ بہتر یہی ہے کہ لائسنس کے سلسلے میں سالانہ معائنہ کرانے سے پہلے یہ چیک لسٹ مکمل کرلیں تاکہ پورے نظام میں اگر کہیں کوئی خامیاں موجود ہوں تو انہیں دور کیا جا سکے۔

ہر شرط کے ساتھ 'اس کا مطلب کیا ہے؟' کی ایک سرخی دی گئی ہے جس میں آپ کو 'ہاں' یا 'نہیں' پر نشان لگانا ہے۔ اپنے جواب کو سامنے رکھتے ہوئے آپ فیصلہ کرسکتے ہیں کہ آیا آپ کے کاروبار کو مویشیوں کی ٹرانسپورٹ کے لئے لائسنس کی شرائط کے مطابق بنانے کے لئے کوئی تبدیلیاں کرنے کی ضرورت ہے۔

| اس کا مطلب کیا ہے؟ | ہاں / نہیں | کون کون سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے |
| --- | --- | --- |
| • کیا گاڑی اتنی بڑی ہے کہ ٹرانسپورٹ کے دوران جانوروں کو مناسب جگہ مل جائے گی اور یہ ہوادار رہے گی؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو اس کا انتظام کس طرح کیا جاسکتا ہے؟ مویشیوں کی تعداد کم کرنا پڑے گی۔ ٹرانسپورٹ کے دوران ضروری ہے کہ مویشی آرام دہ طریقے سے کھڑے ہو سکیں اور حرکت کر سکیں۔ |
| • کیا مویشیوں کو لوڈ کرنے سے پہلے گاڑی کو چیک کرلیا گیا ہے کہ یہ کہیں سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار تو نہیں ہے یا اس میں ایسی کوئی خرابی تو نہیں ہے جس سے مویشی زخمی ہو سکیں؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں، تو آپ کے پاس چیک لسٹ ہونی چاہئے جس کے مطابق آپ ہر بار کسی بھی مویشی کو اتارنے سے پہلے گاڑی کو اچھی طرح چیک کرسکیں |
| • اگر چیک کرنے کے دوران گاڑی میں کوئی خرابی یا مسئلہ سامنے آجائے جس سے مویشیوں کے زخمی ہونے کا خدشہ ہو تو کیا مویشیوں کو لوڈ کرنے سے پہلے اس کی مرمت کا کوئی طے شدہ طریقہ کار موجود ہے؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو مویشیوں کی ٹرانسپورٹ نہ کریں |

# ٹرانسپورٹر کے لئے روزمرہ کی بنیادی باتوں کی چیک لسٹ

تاریخ

| اس کا مطلب کیا ہے؟ | ہاں / نہیں | کون کون سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے |
| --- | --- | --- |
| • ایک بار مویشیوں کی ٹرانسپورٹ کے بعد دوبارہ گاڑی استعمال کرنے سے پہلے کیا آپ اس کا معائنہ کرتے ہیں اور کسی مسئلے کی صورت میں اس کی مرمت کراتے ہیں؟ ٹرک میں کسی مسئلے کا مطلب یہ ہے کہ ہو سکتا ہے فرش میں کہیں کوئی سوراخ ہو یا کہیں کوئی کیل نکلا ہوا ہو، یا پارٹیشن / ریمپ یا پچھلی طرف کے تختے کو کوئی نقصان پہنچا ہو | ☐ ☐ | اگر نہیں تو دیکھ بھال کا باقاعدہ پروگرام بنائیں تاکہ گاڑی ہمیشہ عمدہ حالت میں رہے |
| • ٹرانسپورٹ کے دوران گاڑی کی سطح پر جہاں مویشیوں کو رکھا جاتا ہے، کیا اس کے نیچے ویلڈنگ کے ذریعے پائپ نما گھنڈیاں لگائی گئی ہیں تاکہ مویشی پھسلنے اور گر کر زخمی ہونے سے محفوظ رہیں؟ کنکریٹ کو مضبوط کرنے کے لئے لگائی جانے والی لوہے کی جالی بہت ہلکی ہوتی ہے اور اگر ٹوٹ جائے تو اسے تبدیل کرنا پڑتا ہے | ☐ ☐ | اگر نہیں تو یہ انتظام کرنے کے لئے کیا کیا جا سکتا ہے؟ |
| • گاڑی کی سطح پر جہاں مویشیوں کو رکھا جاتا ہے، کیا یہ پھسلن والی ہے، کیا آپ اسے پھسلن سے محفوظ بنانے کے لئے اس پر کوئی پرت / بچالی بچھاتے ہیں؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو یہ انتظام کرنے کے لئے کیا کیا جا سکتا ہے؟ |
| • کیا آپ کے پاس حکام کی طرف سے منظور شدہ گاڑی کی چیک لسٹ موجود ہے؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو ایک چیک لسٹ تیار کرائیں اور حکام سے اس کا جائزہ کروائیں اور مطلوبہ معیار کے مطابق بنانے کے لئے اس میں ضروری تبدیلیاں کریں |
| • کیا ریمپ کی سطح یا ٹرک کے پچھلے تختے کی سطح (خاص طور پر جب یہ ریمپ کے ساتھ جڑا ہو) ایسے مٹیریل سے بنی ہے جو پھسلنے سے محفوظ ہے؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو اس کا انتظام کس طرح کیا جا سکتا ہے؟ سطح پر بچھائی گئی پرت، مثلاً دھان یا بُرادے کی تہہ مویشیوں کو اتارتے وقت، خاص طور پر جب ریمپ گیلا ہو، سطح پر ان کی گرفت مضبوط رکھنے میں مدد دے گی۔ |

# ٹرانسپورٹر کے لئے روزمرہ کی بنیادی باتوں کی چیک لسٹ

تاریخ

| اس کا مطلب کیا ہے؟ | ہاں / نہیں | کون کون سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے |
|---|---|---|
| • کیا گاڑی کی صفائی کا باقاعدہ طریقہ کار موجود ہے؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو تیار کریں۔ٹرک پر کوئی بھی مویشی لوڈ کرنے سے پہلے اس کی صفائی اور ڈس انفیکشن لازم ہے۔ |
| • کیا آپ مویشیوں کو اتارنے یا لوڈ کرنے سے پہلے انہیں اتارنے کے لئے استعمال ہونے والی چیزوں کو چیک کرتے ہیں تاکہ مویشی کسی بھی طرح کے زخم سے محفوظ رہیں؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو پہلے ان تمام چیزوں کو اچھی طرح چیک کریں اور اگر خرابی کو دور کرنا ممکن نہ ہو تو مویشیوں کو اتارنے یا لوڈ کرنے کا کام کسی اور جگہ پر کریں |
| • کیا آپ نے یا آپ کے عملے کے افراد نے مویشیوں کو سنبھالنے کی باقاعدہ تربیت حاصل کی ہوئی ہے؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو مناسب تربیت فراہم کریں یا اس کا انتظام کریں تاکہ مویشیوں کو سنبھالنے کے طریقے جان سکیں |
| • کیا گاڑی میں ایسی سہولتوں کا انتظام موجود ہے جن کے ذریعے جانوروں کو سفر کے دوران مناسب طریقے سے باندھا جاسکے یا قابو کیا جاسکے؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو یہ انتظام کس طرح ہو سکتا ہے؟ |
| • کیا آپ مویشیوں کو اتارنے سے پہلے چیک کرتے ہیں کہ آیا ان کی دستاویزات درست ہیں؟. 1 ہر مویشی کے لئے 'مویشی کا رجسٹر'، .2 مویشی کے مالک کا ڈیکلریشن | ☐ ☐ | اگر نہیں تو مویشی کو لوڈ نہ کریں اور اس کی ٹرانسپورٹ نہ کریں |
| • کیا آپ مویشیوں کو اتارنے کا کام شروع کرنے سے پہلے چیک کرتے ہیں کہ ان کے لئے کافی تعداد میں گھیرے اور باندھنے کی جگہیں موجود ہیں؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو اتارنے کا کام شروع کرنے سے پہلے یہ چیزیں ضرور چیک کریں |

# ٹرانسپورٹر کے لئے روزمرہ کی بنیادی باتوں کی چیک لسٹ

تاریخ

| اس کا مطلب کیا ہے؟ | ہاں / نہیں | کون کون سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے |
| --- | --- | --- |
| • مویشی اگر ٹرانسپورٹ کے دوران زخمی ہو جائیں اور انہیں مزید تکلیف پہنچائے بغیر اتارنا ممکن نہ ہو تو کیا آپ کے پاس اس کے لئے طے شدہ طریقہ کار موجود ہے؟ مثلاً ٹانگ، کولہے یا کمر کی ہڈی ٹوٹ جائے، لاغر ہو کر گر جائیں، کسی شدید زخم یا بیماری کی وجہ سے فالج ہو جائے اور مویشی چلنے پھرنے کے قابل نہ رہے، بینائی کام نہ کر رہی ہو یا شدید زخم کی وجہ سے بہت زیادہ خون بہہ رہا ہو | ☐ ☐ | اگر نہیں تو طریقہ کار طے کریں اور اس میں درج ذیل باتوں کا خیال رکھیں:<br>• پہلے جو مویشی ٹھیک ہیں، انہیں جتنے آرام سے اتار سکتے ہیں اتار لیں اور پھر فیصلہ کریں کہ بیمار مویشی کو کس طرح سنبھالنا ہے<br>• مویشی شدید زخمی ہو تو اسے فی الفور الگ کر دیا جائے یا ذبح کر دیا جائے۔ اگر ممکن ہو اور محفوظ ہو تو مناسب طریقے سے بغیر تکلیف پہنچائے، ویٹرنری ڈاکٹر کی نگرانی میں ٹرک پر ہی ذبح کر دیا جائے۔<br>• سب سے بہتر یہی ہے کہ مذبح خانے کے نزدیک ترین باڑے میں ذبح کیا جائے تاکہ ذبح کرنے کے بعد جانور کو مناسب طریقے سے تلف کیا جا سکے اور اس کی وجہ سے کوئی بیماری وغیرہ نہ پھیلے |
| • ٹرانسپورٹ کے دوران اگر کوئی جانور مر جائے تو کیا آپ کے پاس اس سے نمٹنے کے لئے طے شدہ طریقہ کار موجود ہے؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو اس کا انتظام کر لیں اور یہ بات ذہن میں رکھیں کہ متعلقہ حکام کو اس کی اطلاع ضرور دی جائے اور جانور کو ذبح کرنے کے بعد پوسٹ مارٹم معائنہ کے لئے قریبی مذبح خانے میں لایا جائے |
| • جانوروں کو اتارنے یا لوڈ کرنے کے لئے کیا آپ نے کوئی جگہ طے کی ہوئی ہے جہاں انہیں پہلے اکٹھا کیا جائے یعنی کیا اس کے لئے کوئی اسمبلی ایریا بنایا ہوا ہے (جہاں اس کا انتظام ممکن ہو)؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو فارم کے مالک، مارکیٹ کے منتظم یا مذبح خانے کے باڑے کے منتظم سے پوچھیں کہ کیا انہوں نے ایسی کوئی جگہ بنائی ہوئی ہے |
| • اگر کوئی طے شدہ اسمبلی ایریا نہیں ہے (جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے) تو کیا آپ کی نظر میں کوئی ایسی پر سکون جگہ ہے جہاں جانوروں کو اتارنے یا لوڈ کرنے کا کام کیا جا سکے اور وہ خراب موسمی حالات سے محفوظ رہیں؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو بہتر یہی ہے کہ اس کا انتظام کریں |

LOCAL COUNCIL BOARD
GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

# ٹرانسپورٹر کے لئے روزمرہ کی بنیادی باتوں کی چیک لسٹ

تاریخ

| اس کا مطلب کیا ہے؟ | ہاں / نہیں | کون کون سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے |
| --- | --- | --- |
| • جس جگہ مویشیوں کو لوڈ کرنا ہو یا اتارنا ہو، کیا وہاں ارد گرد سے ایسی کوئی چیزیں ہٹادی گئی ہیں جنہیں دیکھ کر جانور کے بدکنے، بپھرنے یا واپس دوڑ جانے کا خطرہ ہو؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو اس بات کا ضرور خیال رکھیں |
| • کیا آپ مویشیوں کی ٹرانسپورٹ کے سلسلے میں اس بات کا خیال رکھتے ہیں کہ انہیں اتارنے / لوڈ کرنے میں کتنا وقت لگا اور یہ بات بھی ذہن نشین رکھتے ہیں کہ ٹرانسپورٹ کے تمام کام دن کے دوران ہی کئے جائیں؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو اپنا طریقہ کار تبدیل کریں اور مویشیوں کی ٹرانسپورٹ کے سلسلے میں ان شرائط کو پورا کریں۔ جب لوڈنگ کا کام مکمل ہو جائے تو مویشیوں کی ٹرانسپورٹ میں کوئی دیر نہ کی جائے اور کھڑے ہوئے ٹرک میں انہیں زیادہ دیر نہ رکھا جائے۔ پھر جب منزل پر جیسے ہی پہنچیں تو فوراً مویشیوں کو اتارنے کا کام شروع کر دیں |
| • کیا آپ مویشیوں کو لے کر نکلنے سے پہلے مختلف ممکنات پر غور کرتے ہیں، مثلاً سڑک اگر ناہموار ہو یا موسم خراب ہو تو سفر کے دوران مویشیوں کے زخمی ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے؟ | ☐ ☐ | گر نہیں تو اس کے لئے باقاعدہ منصوبہ بندی کریں، جس راستے سے فاصلہ کم ہو اسے استعمال کریں، لیکن جہاں سڑک سب سے بہتر ہو، تاکہ ٹرانسپورٹ میں کم وقت لگے اور مویشیوں کے زخمی ہونے کا خدشہ بھی کم سے کم رہے |
| • کیا آپ سفر کے دوران مویشیوں کو باندھ کر یا قابو میں رکھنے کا باقاعدہ انتظام کرتے ہیں تاکہ مویشی زخمی نہ ہوں؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو اس کا انتظام کس طرح ہو سکتا ہے؟ |
| • کیا آپ جانوروں کو لوڈ کرنے سے پہلے ان کی صفائی چیک کرتے ہیں؟ (موسم سرما کے دوران اگر مویشی گیلے ہوں تو سفر نہیں ہو سکتا) | ☐ ☐ | اگر نہیں تو ان باتوں کو چیک کرنے کا طریقہ طے کر لیں۔ مویشی کو لوڈ کرنے سے چند گھنٹے پہلے اسے اچھی طرح صاف کر لیں، گوبر، کیچڑ یا کسی بھی قسم کی گندگی وغیرہ موجود ہو تو لوڈنگ سے چند گھنٹے پہلے اسے دھو دیں۔ گندے مویشیوں کو مارکیٹ میں اور مذبح خانے میں وصول نہیں کیا جانا چاہیے |

## ٹرانسپورٹر کے لئے روزمرہ کی بنیادی باتوں کی چیک لسٹ

تاریخ

| اس کا مطلب کیا ہے؟ | ہاں / نہیں | کون کون سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے |
| --- | --- | --- |
| • کیا آپ اس بات کا خیال رکھتے ہیں کہ گنجائش کے مطابق مویشی لوڈ کئے جائیں تا کہ انہیں ٹرک پر کھڑے رہنے کے لیے مناسب جگہ مل سکے ؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو برائے مہربانی اس کا خیال رکھیں اور ٹرک پر لوڈ کئے جانے والے مویشیوں کی تعداد کم کر دیں |
| • کیا آپ مویشیوں کی تعداد، جسامت،، نسل اور جنس کے مطابق پہلے سے طے کر لیتے ہیں کہ گاڑی پر کتنے مویشی لوڈ کئے جائیں گے ؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو اس بات کا خیال رکھیں کہ مویشیوں کو ان کے ریوڑ، جنس اور جسامت کے مطابق تقسیم کر دیا جائے تا کہ سفر کے دوران مویشیوں کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ سینگ والے اور بغیر سینگ والے جانوروں کو صرف اس صورت میں اکٹھا کیا جائے اگر ان میں ہم آہنگی موجود ہو۔ (مثلاً اس سے پہلے وہ ایک ساتھ سفر کر چکے ہوں اور اس دوران کوئی مسئلہ پیش نہ آیا ہو تو انہیں ایک ساتھ رکھا جا سکتا ہے ) |
| • کیا آپ اس بات کا خیال رکھتے ہیں کہ لوڈنگ سے پہلے گاڑی کو ریمپ کے ساتھ بالکل جوڑ دیا جائے اور درمیان میں کوئی خلا نہ ہو؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو برائے مہربانی اس بات کا خیال رکھیں کہ ٹرانسپورٹ کی جگہ اور گاڑی کے درمیان کوئی خلا نہ ہو، تا کہ مویشیوں کی نقل و حرکت کے دوران کوئی مسئلہ پیدا نہ ہو |
| • کیا آپ مویشیوں کو لوڈ کرتے وقت یا اتارتے وقت انہیں سنبھالنے کے لئے ان کے چھوٹے چھوٹے گروپ بنا لیتے ہیں؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو اس بات کا خیال رکھیں کہ جانوروں کے بالکل چھوٹے چھوٹے گروپ بنا کر انہیں ایک سے دوسری جگہ منتقل کریں |
| • کیا آپ مویشیوں کو ان کی اپنی مرضی کی رفتار پر چلتے ہوئے ٹرک کی طرف جانے کا موقع دیتے ہیں، خاص طور پر جب ٹرک کا فرش کسی ایسے مٹیریل سے نہ بنا ہو جو پھسلن سے محفوظ ہو؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو جانوروں کو ان کی اپنی مرضی کی رفتار پر چلنے دیں اور اپنے عملے کو بھی ہدایت کریں کہ وہ اس بات کا خیال رکھیں |

LOCAL COUNCIL BOARD
GOVERNMENT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

# ٹرانسپورٹر کے لئے روزمرہ کی بنیادی باتوں کی چیک لسٹ

تاریخ

| اس کا مطلب کیا ہے؟ | ہاں / نہیں | کون کون سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے |
| --- | --- | --- |
| • کیا آپ مویشیوں کو سنبھالنے کے لئے درج ذیل طریقے اپناتے ہیں؟<br>• چابک سے مارنا<br>• دُم کو مروڑنا<br>• نتھنوں کو مروڑنا<br>• آنکھوں کو دبانا<br>• کانوں کو دبانا<br>• باہر نکلے ہوئے نازک اعضاء کو دبانا<br>• کسی نوکدار چیز سے ہانکنا، جس سے درد ہو<br>• کوئی ایسی چیزیں استعمال کرنا جن سے جانور کو درد اور تکلیف ہو (مثلاً بڑی چھڑی سے مارنا، نوکیلی چھڑی سے مارنا، دھاتی پائپ سے مارنا، باڑھ کی تار یا چمڑے کی بیلٹ سے مارنا) | ☐ ☐ | اگر ہاں تو ان تمام طریقوں کی سخت ممانعت ہے اور یہ طریقے ہرگز استعمال نہ کریں اور اپنے عملے کو بھی ہدایت کردیں کہ مویشیوں کو سنبھالنے کے لئے کوئی ایسا طریقہ استعمال نہ کریں جس سے مویشی کو درد یا تکلیف پہنچے |
| • کیا آپ مویشیوں کو ہانکنے اور چلنے پر مائل کرنے کے لئے کوئی ایسے آلات یا چیزیں استعمال کرتے ہیں جنہیں بجانے سے کھڑکھڑ والا شور پیدا ہو لیکن ان سے انہیں مارتے نہیں ہیں؟ | ☐ ☐ | اگر ہاں تو یہ بات ذہن نشیں رکھیں کہ چھڑی آپ اس لئے استعمال کرتے ہیں کہ آپ کا بازو ذرا لمبا لگے، مثلاً جانوروں کی کسی گزرگاہ کے دروازے کی جگہ کو آپ چھڑی کی مدد سے روک سکتے ہیں مگر مویشیوں کو اس سے ہرگز نہ ماریں۔ |
| • کیا آپ چیک کرتے ہیں کہ تمام مویشی جسمانی لحاظ سے اس قابل ہیں کہ انہیں ٹرانسپورٹ کیا جاسکتا ہے؟ ایسے جانوروں کو گاڑی میں نہ لے کر جائیں جو چاروں ٹانگوں پر کھڑے نہ ہوسکیں یا جن کی دونوں آنکھوں کو کوئی مسئلہ پیش آرہا ہو حاملہ مویشیوں کو ٹرانسپورٹ میں لے کر نہ جائیں | ☐ ☐ | اگر نہیں تو گاڑی پر صرف صحت مند مویشیوں کو لوڈ کریں۔ بیمار اور زخمی جانوروں کے بارے میں اگر شبہ ہو کہ انہیں سفر میں پریشانی ہوگی تو انہیں لوڈ نہ کریں اور ویٹرنری ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔ یہ بات یاد رکھیں کہ مویشی جب گاڑی پر لوڈ ہو جاتے ہیں تو ان کی صحت اور سلامتی کی ذمہ داری ڈرائیور اور ٹرانسپورٹ کمپنی پر عائد ہوتی ہے |

# ٹرانسپورٹر کے لئے روزمرہ کی بنیادی باتوں کی چیک لسٹ

تاریخ

| اس کا مطلب کیا ہے؟ | ہاں / نہیں | کون کون سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے |
|---|---|---|
| • کیا آپ یا مویشیوں کو اتارتے وقت یا ان لوڈنگ ریمپ تک جاتے وقت گاڑی کو آہستہ آہستہ اور آرام سے ریورس کرتے ہیں؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو اس بات کا خیال رکھیں اور اپنے عملے کو بھی اس کی تربیت دیں |
| • کیا آپ مویشیوں کو سینگوں، ٹانگوں یا دم سے پکڑ کر اٹھاتے ہیں اور پھر گھسیٹتے ہیں؟ | ☐ ☐ | اگر ہاں تو ایسا ہرگز نہ کریں، یہ جانوروں کی صحت سے متعلق بین الاقوامی تنظیم (OIE) کے وضع کردہ جانوروں کی بہبود سے متعلق اصولوں کی خلاف ہے۔ |
| • کیا آپ نے کبھی کسی زخمی جانور کو کسی پکی چیز سے باندھ کر ٹرک چلایا ہے؟ | ☐ ☐ | اگر ہاں تو آئندہ ایسا نہ کریں، یہ جانوروں کی صحت سے متعلق بین الاقوامی تنظیم (OIE) کے وضع کردہ جانوروں کی بہبود سے متعلق اصولوں کی خلاف ہے۔ |
| • ٹرانسپورٹ کے دوران اور جانوروں کو لوڈ کرتے یا اتارتے وقت اگر کوئی جانور بھاگ جائے تو کیا اس سنبھالنے کے لئے آپ نے کوئی پالیسی بنا رکھی ہے؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو پالیسی بنائیں اور اپنے عملے کو اس کے مطابق تربیت دیں |
| • کیا ایسا ممکن ہے کہ آپ بھاگ جانے والے جانور کو الگ تھلگ نہ کریں اور اسے ہانک کر واپس ریوڑ میں لانے کی کوشش کریں؟ | ☐ ☐ | یہ کس طرح ہو سکتا ہے؟ |
| • کیا ایسا ممکن ہے کہ آپ اچانک کوئی حرکت یا بہت زیادہ شور کرنے سے اجتناب کریں؟ | ☐ ☐ | آپ یہ کس طرح کر سکتے ہیں؟ |
| • کیا ایسا ممکن ہے کہ پہلے آپ بھاگ جانے والے جانور کو پرسکون ہونے دیں اور پھر اسے باڑے میں واپس لانے کی طریقے پر عمل کریں | ☐ ☐ | یہ کس طرح ہو سکتا ہے؟ |

# ٹرانسپورٹر کے لئے روزمرہ کی بنیادی باتوں کی چیک لسٹ

تاریخ

| اس کا مطلب کیا ہے؟ | ہاں / نہیں | کون کون سے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے |
|---|---|---|
| • اگر جانور بہت زیادہ جوش میں ہو اور سنبھالا نہ جا رہا ہو تو کیا ایسا ممکن ہے کہ آپ باقی جانوروں کو ایک کنٹرولڈ جگہ میں چھوڑ دیں تاکہ بھاگ جانے والا جانور ریوڑ کی طرف واپس آنے پر مائل ہو اور اس کے بعد تمام جانوروں کو ایک ساتھ باڑے میں لے جائیں؟ | ☐ ☐ | آپ یہ کس طرح کر سکتے ہیں؟ |
| • کیا آپ بھاگے ہوئے جانوروں کو بغیر تکلیف پہنچائے نرم رویہ اپناتے ہوئے باڑے کی طرف لانے کی کوشش کر سکتے ہیں؟ | ☐ ☐ | یہ کس طرح ہو سکتا ہے؟ |
| • کیا ایسا ممکن ہے کہ آپ باہر کے گیٹ کو تالہ لگا دیں تاکہ مویشی احاطے سے یا مارکیٹ سے باہر نہ جا سکیں؟ | ☐ ☐ | اگر نہیں تو آپ یہ کس طرح کر سکتے ہیں؟ |

© 2021-Project for Agri-Food and Agro-Industry Development Assistance (PAFAID) - All rights reserved

© 2021-Project for Agri-Food and Agro-Industry Development Assistance (PAFAID) - All rights reserved